# Mark Scheme (Results)

# Summer 2010

GCSE

# GCSE Urdu (1901) Paper 1H

Edexcel Limited. Registered in England and Wales No. 4496750
Registered Office: One90 High Holborn, London WC1V 7BH

A PEARSON COMPANY

Edexcel is one of the leading examining and awarding bodies in the UK and throughout the world. We provide a wide range of qualifications including academic, vocational, occupational and specific programmes for employers.

Through a network of UK and overseas offices, Edexcel's centres receive the support they need to help them deliver their education and training programmes to learners.

For further information, please call our GCE line on 0844 576 0025, our GCSE team on 0844 576 0027, or visit our website at www.edexcel.com.

If you have any subject specific questions about the content of this Mark Scheme that require the help of a subject specialist, you may find our Ask The Expert email service helpful.

Ask The Expert can be accessed online at the following link:

http://www.edexcel.com/Aboutus/contact-us/

Alternatively, you can speak directly to a subject specialist at Edexcel on our dedicated Modern Foreign Languages telephone line: 0844 576 0035

Summer 2010

All the material in this publication is copyright
© Edexcel Ltd 2010

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **1** | C | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **2** | B | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **3** | C | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **4** | B | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **5** | | |
| **(i)** | D | |
| **(ii)** | E | |
| **(iii)** | B | 3 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **6** | | |
| **(a)** | چیز کا نام : بٹوا | |
| **(b)** | اس کا رنگ : نیلا | |
| **(c)** | اس میں کیا تھا : چالیس پاؤنڈ | 3 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **7** | | |
| **(a)** | ساتھ | |
| **(b)** | کئی یا بہت سی | |
| **(c)** | اچھی | |
| **(d)** | محبت یا پیار | |
| **(e)** | بناتا یا کرتا | 5 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **8** | | |
| **(i)** | C | |
| **(ii)** | E | |
| **(iii)** | B | 3 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **9** | | |
| **(a)** | 4 | |
| **(b)** | 3 | |
| **(c)** | 2 | 3 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **10** | | |
| **(a)** | 5 | |
| **(b)** | 4 | |
| **(c)** | 6 | |
| **(d)** | -- | |
| **(e)** | 3 | |
| **(f)** | 2 | 5 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **11** | | |
| **(i)** | E | |
| **(ii)** | A | |
| **(iii)** | D | |
| **(iv)** | B | |
| **(v)** | C | 5 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **12** | | |
| **(i)** | C | |
| **(ii)** | B | |
| **(iii)** | A | |
| **(iv)** | D | 4 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **13** | | |
| **(a)** | لاہور | |
| **(b)** | خاتون یا عورت | |
| **(c)** | مٹھائی، بسکٹ یا پھل | |
| **(d)** | اپنی دادی کا | 4 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(a)** | Hina's friend | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(b)** | To remind people/guests about time keeping | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(c)** | To arrive late | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(d)** | The groom side were on time / arrived early<br>They were greeting / welcoming the guests | 2 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(e)** | Because of video making and/or photography | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(f)** | Children and old people | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(g)** | Bride’s uncle was reciting a wedding poem | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(h)** | Very few | 1 |

| Question Number | Answer | Mark |
|---|---|---|
| **14(i)** | He doesn’t like or understand poetry | 1 |

**Paper total: 50 marks**

## Transcript GCSE Urdu 1H 2010 (Final Draft )

### جیب خرچ

سوال نمبر4-1

لڑکی: عمران ! تم جیب خرچ کا کیا کرتے ہو؟

عمران : میں اپنے دوستوں کے ساتھ باہر کھانا کھاتا ہوں۔اور فرح تم ؟

فرح : میں سارے پیسے نئے کپڑوں پر خرچ کر دیتی ہوں ۔اور کامران تم؟

کامران : مجھے سکے جمع کرنے کا بہت شوق ہے۔زیادہ پیسے اسی شوق کی نذر ہو جاتے ہیں اور شازیہ تم کیا کرتی ہو؟

شازیہ : میں تصویریں بنانے کا سامان خرید لیتی ہوں۔اور سلیم تم نے کچھ نہیں بتایا؟

سلیم : میں تمام پیسے جمع کرتا رہتا ہوں اور صرف ضرورت پڑنے پر خرچ کرتا ہوں۔

**4 marks**

### عید کے تحفے

سوال نمبر 5

سیما : عمران! آپ کو عید پر کیا تحفہ ملا؟

مثال عمران : مجھے ایک سوئٹر ملا۔اور سیما آپ کو؟

سیما : مجھے اپنی پسند کی چیزیں خریدنے کے لیے £25 ملے۔علی آپ کو کیا ملا؟

علی : میری امی نے مجھے ایک خوبصورت مفلر دیا۔ اور روبینہ آپ کو؟

روبینہ : مجھے ابو نے اچھے سے دستانے ملے۔

**3 marks**

### گم شدہ چیز

سوال نمبر6

کل صبح ٹرین میں سفر کرتے ہوئے میرا بٹوہ چوری ہو گیا۔اس کا رنگ نیلا ہے اور اس میں چالیس پاؤنڈ تھے۔

**3 marks**

## کتابوں کی نمائش

سوال نمبر 7

میرا نام خالد ہے اور میری عمر پندرہ سال ہے۔ پچھلے ہفتے میرے ابو مجھے کتابوں کی ایک نمائش میں لے گئے۔ وہاں بچوں کے لیے ہر زبان کی کتابیں تھیں۔ مجھے اردو کی چند کتابیں بہت پسند آئیں جو ابو نے میرے لئے خرید لیں۔ میرا خوشی کے مارے برا حال ہو گیا اور مجھے یہ اندازہ بھی ہوا کہ وہ مجھے کس قدر چاہتے ہیں۔ اب میں گھر پر ان کتابوں کی مدد سے اپنی اردو بہتر کر سکوں گا۔

**Total 5 marks**

## کرسمس کا تہوار

سوال نمبر 8

مثال میرا نام فرح ہے ۔ ساری دنیا کے عیسائی، کرسمس کا تہوار 25 دسمبر کو ایک ساتھ مناتے ہیں۔

میرا نام عمران ہے۔ کچھ لوگ کرسمس سے ایک دن پہلے خریداری کرتے ہیں۔ جبکہ یہ چیزیں ہفتوں پہلے لی جا سکتی ہیں۔

میرا نام روبینہ ہے۔ کرسمس کے نزدیک آتے ہی بہت سی چیزوں کی قیمت میں اضافہ ہو جاتا ہے ۔

میرا نام سلیم ہے۔ زیادہ تر لوگ کرسمس کا دن اپنے خاندان کے ساتھ گھر پر گزارنا پسند کرتے ہیں۔

**3 marks**

## چھٹّیاں

سوال نمبر 9

فرح : ہلو سارہ کیسی ہو! کراچی میں کیسا وقت گزرا؟۔

سارہ : بس کچھ نہ پوچھو بہت زیادہ گرمی تھی۔ میں صرف شام کو گھر سے باہر نکلتی تھی۔

فرح : تم نے خریداری کیسے کی ؟

سارہ : بہت کم چیزیں لے پائی اور گرمی کی وجہ سے دو ہفتے طبیعت بھی خراب رہی۔

فرح : میں اسی لئے ہمیشہ سردیوں میں کراچی جاتی ہوں۔

**3 marks**

## ٹی وی کے پروگرام

سوال نمبر10

مثال پروگرام نمبرا : فنی خرابیوں کی وجہ سے ہم آپ کو سلسلہ وار ڈرامہ ''خاندان'' کی نئی قسط آج نہیں دکھا سکیں گے۔

پروگرام نمبر2 : اگر آپ دس کلو چاول کا تھیلا خریدیں تو آپ کو پانچ کلو آٹا بالکل مفت ملے گا۔ جلدی کیجیے یہ پیشکش صرف پندرہ دن کے لئے ہے۔

پروگرام نمبر 3 : نزلہ زکام کو دور بھگانا ہو تو ادرک اور دال چینی کی چائے دن میں کئی بار پیئیں۔ ہمارے خاندان کا یہ بہت پرانا اور آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

پروگرام نمبر 4 : مرٹن میں ہماری فرنیچر کی دکان بند ہو رہی ہے، پہلی دسمبر سے ہماری نئی دکان ٹوٹنگ اسٹریٹ پر کھلے گی۔

پروگرام نمبر5 : موسم میں خرابی کی وجہ سے لاہور جانے والی پرواز اب تین گھنٹے بعد روانہ ہو گی۔ مسافروں سے درخواست ہے کہ کھانے کے ٹوکن ریسیپشن سے حاصل کر لیں۔

پروگرام نمبر 6: ہماری پارٹی کے امیدوار کو بہت سارے ووٹ ملے لیکن وہ پھر بھی ہار گیا۔

**5 marks**

## صحت اور تندرستی

سوال نمبر 11

لڑکی : خالد ! آپ ورزش کے بارے میں کچھ کہہ رہے تھے؟

خالد : صحت مند رہنے کے لئے ورزش بہت اہم ہے۔ شازیہ آپ کا کیا خیال ہے؟

شازیہ : میں کوشش کرتی ہوں کہ زیادہ سے زیادہ پیدل چلوں اور میرے لیے یہی بہت ہے۔
حامد آپ کی کیا رائے ہے؟

حامد : میں روزانہ جم جاتا ہوں کیونکہ گھر پر ورزش کرنا نہ تو مجھے یاد رہتا ہے اور نہ اچھا لگتا ہے۔
روبینہ آپ کیا کرتی ہیں؟

روبینہ : پڑھائی کے ساتھ ساتھ گھر کے اتنے کام کاج ہوتے ہیں کہ ورزش کرنے کا خیال ہی نہیں آتا ہے۔
عاصم آپ کا کیا خیال ہے؟

عاصم : مجھے جب بھی وقت ملتا ہے پارک چلا جاتا ہوں اور تین میل دوڑتا ہوں۔

**5 marks**

## امتحان کی تیاری

سوال نمبر 12

میرا نام نازیہ ہے۔ میں امتحان کی تیاری صرف چھٹیوں کے دوران کرتی ہوں۔

میرا نام کامران ہے۔ مجھے دوستوں کے ساتھ مل کر پڑھنے میں مزہ آتا ہے اور بہت کچھ یاد ہو جاتا ہے۔

میرا نام صفیہ ہے۔ میں تو امتحان کی تیاری اسکول کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ کرتی رہتی ہوں۔

میرا نام علی ہے ۔ میں دل لگا کر محنت سے پڑھتا ہوں لیکن امتحان کے دن سب کچھ بھول جاتا ہوں۔ **4 marks**

## ریل گاڑی کا سفر

سوال نمبر 13

پچھلے سال گرمیوں کی چھٹیاں گزارنے میں اپنی امی کے ساتھ کراچی سے لاہور گئی۔ ہمارے ڈبے میں ایک بوڑھی خاتون بھی سفر کر رہی تھیں۔ باتوں ہی باتوں میں پتہ چلا وہ اپنے بیٹے سے ملنے جا رہی تھیں۔

ان کے پاس کھانے پینے کی چیزوں میں، مٹھائی، بسکٹ اور پھل بھی تھے۔ جو انہوں نے بہت اصرار سے مجھے کھلائے۔ ان کی محبت کو دیکھ کر مجھے اپنی دادی یاد آ گئیں جو میرے بڑے چچا کے ساتھ لندن میں رہتی ہیں۔ **5 marks**

## شادی کی تقریب **English Question**

سوال نمبر 14

علی : اور سناؤ حنا تمہاری سہیلی کی شادی کی تقریب کیسی رہی؟

حنا : مزہ تو بہت آیا!۔ لیکن ہر پروگرام بہت دیر سے شروع ہوا۔

علی : شادی کے کارڈ پر تو سارے پروگرام کی تفصیل تھی؟

حنا : اور کارڈ بھی گھڑی کی شکل کا بنایا گیا تھا۔ پھر بھی کسی نے اس طرف توجہ نہیں دی

علی : ہمارے ہاں زیادہ تر مہمان دیر سے پہنچنے کو اچھا سمجھتے ہیں اور یہ بہت غلط سوچ ہے؟

حنا : اکثر شادیوں میں لڑکی والے اور مہمان، برات کے انتظار میں بیٹھے رہتے ہیں۔ لیکن میں یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ یہاں معاملہ بالکل الٹا تھا۔ اور اتنا ہی نہیں جب تک لڑکی والے نہیں آئے، براتیوں نے کھڑے ہو کر دوسرے مہمانوں کا استقبال کیا۔

علی : یہ تو کمال ہی ہو گیا۔ نکاح کے بعد کھانا ملا ہو گا ؟

حنا : توبہ کیجیے ۔ پھر جو تصویریں کھینچنے اور ویڈیو فلم بنانے کا سلسلہ شروع ہوا تو وہ آدھی رات تک جاری رہا۔ تقریباً رات کے بارہ بجے کھانا ملا ۔

علی : بیچارے مہمان ! انہیں دیر سے آنے کی خوب سزا ملی۔

حنا : سب سے بڑی زیادتی چھوٹے بچوں اور بوڑھوں کے ساتھ ہوئی۔ ان کا تو بھوک کے مارے برا حال تھا۔

علی: چلو، کھانا مل تو گیا۔

حنا کھانے کے بعد اچانک دلہن کے تایا نے اپنی لکھی ہوئی نظم سنانا شروع کر دی۔ چند لوگوں کے سوا جو 'واہ واہ' کرتے رہے۔ باقی تمام مہمان نیند کے مارے اونگھ رہے تھے۔ لیکن مجبور تھے۔

علی: خدا کا شکر ہے میں وہاں نہیں تھا۔ شاعری سننا اپنے بس کی بات نہیں۔

**10 Marks**

**TOTAL FOR PAPER 50 MARKS**

Further copies of this publication are available from
Edexcel Publications, Adamsway, Mansfield, Notts, NG18 4FN

Telephone 01623 467467
Fax 01623 450481

Email publications@linneydirect.com

Summer 2010

For more information on Edexcel qualifications, please visit www.edexcel.com/quals

Edexcel Limited. Registered in England and Wales no.4496750
Registered Office: One90 High Holborn, London, WC1V 7BH